# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

3

Date: 13 February-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۳؍فروری ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ وزیر اعظم نریندر مودی دو روزہ امریکی دورے پر واشنگٹن پہنچے۔

☆ ایشیا کا سب سے بڑا مصنوعی ذہانت میلہ، ممبئی ٹیک ویک 2025 کے انعقاد کا وزیر اعلیٰ کا اعلان۔

☆ چھاتی کے کینسر کے علاج سے متعلق ٹاٹا میموریل سینٹر نے کی جینیاتی وجوہات کی تحقیق۔

☆ تیسرے ایک روزہ کرکٹ میچ میں بھارت کی انگلینڈ کے خلاف شاندار فتح۔

اور۔۔۔☆ قومی کھیلوں میں 50 طلائی تمغوں کے ساتھ مہاراشٹر دوسرے مقام پر۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

وزیر اعظم نریندر مودی امریکہ کے دو روزہ دورے پر واشنگٹن پہنچ گئے ہیں، جہاں بھارتی برادری کی جانب سے ان کا شاندار استقبال کیا گیا۔ آج وزیر اعظم نے امریکی محکمہ انصاف کی ڈائریکٹر تلسی گابارڈ سے ملاقات کی۔ وزیر اعظم مودی اس دورے میں بھارت اور امریکہ کے دوطرفہ تعلقات کے استحکام کیلئے امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ اور امریکی صنعتکاروں سے ملاقات کریں گے۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے ایشیا کے سب سے بڑے ممبئی ٹیک ویک AI 2025 فیسٹیول کے انعقاد کا اعلان کیا ہے۔ ممبئی کی ٹیک انٹر پرینیورز ایسوسی ایشن کے عہدیداران کے ہمراہ کل منعقدہ ایک خصوصی اجلاس میں، انہوں نے یقین دلایا کہ حکومت ٹیکنالوجی کے شعبے کو فروغ دینے کیلئے پوری کوشش کررہی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے اس فیسٹیول کے ذریعے عالمی سطح پر ممبئی کو ایشیا کے ''اے آئی سینڈ باکس'' کے طور پر مقام دلانے کا عزم ظاہر کیا۔ اس میلے میں مصنوعی ذہانت کے تجارتی استعمال، بھارت میں مصنوعی ذہانت پر تحقیق، اور کاروباری افراد کیلئے سرمایہ کاری کے مواقع فراہم کرنے پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے یقین دلایا ہے کہ لاڈلی بہن اسکیم کبھی بند نہیں کی جائیگی، اور اس اسکیم کے تحت امداد میں مزید اضافہ کرنے پر غور کیا جارہا ہے۔ ایوت محل ضلعے کے گھاٹنجی کی گھریلو کام کرنے والی 20 خواتین ملازمین نے کل رسیکا شرئے نامی تنظیم کی معرفت ''جیواچی ممبئی، شرماچی آنندواری'' پہل کے تحت وزیر اعلیٰ سے ملاقات کی۔ اس موقعے پر وزیرِ اعلیٰ مخاطب تھے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت غریب شہریوں کی زندگیوں کو سہل بنانے کے اپنے عہد کی پابند ہے۔

***** ***** *****

مرکزی وزیرِ حمل ونقل نتن گڈکری نے ریاستی حکومت کو ہدایت دی ہے کہ ریاست میں گنّے کے کاشتکاروں، گنا توڑ مزدوروں‘ اس سے متعلق تنظیموں اور کسانوں کو زیادہ سے زیادہ فوائد فراہم کرنے کیلئے ایک نظرِ ثانی شدہ تجویز مرکزی حکومت کو پیش کرے۔ گزشتہ روز نئی دہلی میں منعقدہ جائزہ اجلاس سے گڈکری خطاب کر رہے تھے۔ اس موقعے پر ریاستی وزیرِ زراعت مانک راؤ کوکاٹے اور زرعی محکمے کے افسران موجود تھے۔ اجلاس میں ریاستی وزیرِ زراعت کوکاٹے نے ریاست میں گنا کٹائی مشینیں خریدنے والے 257 میں سے 141 مستفیدین میں مرکزی حکومت کے حصے کی امداد تقسیم کرنے کی درخواست کی۔

***** ***** *****

ٹاٹا میموریل سینٹر اور نیشنل انسٹیٹیوٹ آف بایومیڈیکل جینومکس نے چھاتی کے کینسر کے کچھ مریضوں میں ہارمون معالجے کا اثر نہ ہونے کی جینیاتی وجوہات تلاش کی ہے۔ اس تحقیق سے ایسے مریضوں کے علاج کی سمت متعین کرنے میں مدد ہوگی۔ اس تحقیق میں مریضوں کے ٹیومر میں تین کلیدی جینز میں تغیرات پائے گئے ہیں۔ سرکردہ محقق ڈاکٹر ندھان بسواس کے مطابق یہ دریافت کینسر کے ذاتی نوعیت کے علاج میں ایک اہم قدم ہے۔

***** ***** *****

ماہی پروری محکمے کے وزیر نتیش رانے‘ نے ریاست میں میٹھے پانی اور سمندروں میں افزائشِ ماہی میں اضافے کیلئے ماہی گیروں کو تربیت فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وہ گزشتہ روز منترالیہ میں اس حوالے سے منعقدہ اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع میں اس تربیتی منصوبے کو تجرباتی بنیادوں پر شروع کرنے اور ضلع منصوبہ بندی کمیٹی کے فنڈز سے اس تربیتی پروگرام کیلئے انتظامات کرنے کی ہدایت بھی رانے‘ نے دی۔

***** ***** *****

سیاسی جماعتوں کی جانب سے انتخابات سے قبل مفت اشیا کا اعلان کرنے کے عمل پر عدالتِ عظمیٰ نے سخت برہمی کا اظہار کیا ہے۔ عدالت نے اپنے ریمارک میں کہا کہ لوگ مفت کی چیزوں کے عادی ہو جائیں تو پھر کام نہیں کریں گے۔ شہری علاقوں میں بے گھر لوگوں کو پناہ دینے کے حق سے متعلق جسٹس بی آر گوائی اور جسٹس آگسٹین جارج مسیح کی بنچ نے ایک مقدمہ کی سماعت کے دوران یہ ریمارک دیئے۔ عدالت نے حکومت سے سوال کیا کہ لوگوں کو رہائشی سہولت دینا اچھی بات ہے، لیکن کیا انہیں قومی دھارے میں شامل کرنا زیادہ مناسب نہیں ہوگا؟

***** ***** *****

**یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔**

***** ***** *****

آج عالمی ریڈیو دن منایا جارہا ہے۔ چھترپتی سمبھاجی نگر کے موسیقی کے مداح سنجے پوار نے دنیا بھر کے مختلف ریڈیو سیٹ کے ساتھ ساتھ دو ہزار سے زیادہ گراموفون اور موسیقی کے ریکارڈز جمع کیے ہیں۔ پوار نے بتایا کہ وہ ریڈیو کا شوق رکھنے والے شخص ہیں اور ان کے پاس قدیم دور سے لے کر آج تک کے متعدد ریڈیوز اور آلاتِ موسیقی کا مجموعہ ہے۔ انھوں نے بتایا کہ 1940 سے لے کر آج تک کے ریڈیو کے تمام ورژن اکٹھے کیے ہیں اور عوام کو یہ ریڈیو بتلانے کیلئے ایک عام نمائش رکھی گئی ہے۔ یہ نمائش سڈکو این آٹھ میں واقع وینوتائی چوہان اسکول کے قریب پوار کی رہائش گاہ امر ہاؤسنگ سوسائٹی میں سہ پہر تین بجے سے عوام کیلئے شروع ہوگی۔

***** ***** *****

انگلینڈ کو 142 رنوں کے بڑے فرق سے شکست دیکر بھارت نے تین ایک روزہ کرکٹ میچوں کی سیریز کے تمام مقابلے جیت کا سیریز اپنے نام کرلی ہے۔ کل احمد آباد میں کھیلے گئے میچ میں بھارت نے پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے 356 رنوں کا ہمالیائی اسکور کھڑا کیا، جس کے جواب میں انگلینڈ کی پوری ٹیم 31 ویں اوور میں 214 رن بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ 14 چوکوں اور تین چھکوں کی مدد سے 112 رن بنانے والے شبھمن گل کو میچ اور سیریز کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

***** ***** *****

اُتراکھنڈ میں جاری 38 ویں قومی کھیل مقابلوں میں مہاراشٹر 175 تمغے جیت کر دوسرے مقام پر ہے۔ ان میں 50 طلائی‘ 62 نقرئی اور 63 کانسے کے تمغے شامل ہیں۔ فوج کی ٹیم 65 طلائی تمغوں اور ہریانہ کی ٹیم 39 طلائی تمغوں کے ساتھ تیسرے مقام پر ہے۔ کل‘ ان کھیلوں میں 400 میٹر رکاوٹوں کے مقابلے میں مہاراشٹر کی نیہا دھابڑے نے کانسے‘ جبکہ سنجیونی جادھو نے نقرئی تمغہ جیتا‘ اسی طرح مکس ریلے مقابلے میں ریاست کی ٹیم نے نقرئی تمغہ اپنے نام کیا۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلعے کے کلمب تعلقے کے شیڑ کا دھانورا کے مہادیو وِٹھل کامبڑے کے کھیت میں مصنوعی ذہانت کے استعمال سے مرچ کی فصل کی دیکھ بھال کی جارہی ہے۔ سیاجی ایگرو پروڈیوسر کمپنی اور آئی سی آئی سی آئی فاؤنڈیشن کی جانب سے استعمال شدہ اس جدید مشنری کے ذریعے کھیت میں مصنوعی ذہانت کا استعمال کرکے زمین کی نمی، موسمی اثرات، جراثیم کش ادویات کا چھڑکاؤ کے ساتھ ساتھ سینچائی کے انتظامات اور فصل کی نشوونما کی نگرانی میں مدد لی جارہی ہے۔ اس کیلئے زمین میں لگائے گئے مرچ کے تخم کی جڑوں میں سینسر لگائے گئے ہیں اور یہ سینسر ایک ٹاور تک میسیج پہنچاتا ہے اور‘ جس کی مدد سے متعلقہ کسان کو اس کے موبائل فون پر پیغام ملتا ہے۔ جدید ٹیکنالوجی کا یہ استعمال دھاراشیو ضلع میں اوّلین تجربہ ہے جو دیگر کسانوں کیلئے بھی رہنما ثابت ہوسکتا ہے۔

***** ***** *****

44 واں مراٹھواڑہ ساہتیہ سمّیلن آئندہ 15 اور 16 تاریخ کو چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع کے والوج میں منعقد ہورہا ہے۔ ڈَگڑو جی راؤ دیشمکھ کالج میں منعقدہ اس سمّیلن کی صدارت ڈاکٹر بھیم راؤ واگھچورے کریں گے‘ ایک صحافتی کانفرنس میں اس کی اطلاع دی گئی۔

***** ***** *****

ہنگولی ضلعے میں طبّی کیمپ منعقد کرکے تمام صفائی ملازمین کی مفت طبّی جانچ کرنے کے احکامات قومی صفائی ملازمین کمیشن کے رُکن ڈاکٹر پی۔ پی۔ واوا نے دیئے ہیں۔ کل ہنگولی میں کمیشن کے اجلاس سے وہ خطاب کررہے تھے۔ اس موقعے پر صفائی ملازمین کو حکومت کی مختلف اسکیموں کی معلومات دی گئی اور آبھا کارڈ تقسیم کیے گئے۔

***** ***** *****

ہنگولی ضلعے کے آکھاڑا باڑا پور کے مشہور تاجر نوجوان سماجی کارکن سچن پینڈھارکر کو اس سال کا ریاستی سطح کا سماج رَتن ایوارڈ دینے کا اعلان کیا گیا ہے۔ آئندہ 9 مارچ کو ہنگولی میں یہ ایوارڈ دیا جائے گا۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

- ☆ وزیراعظم نریندر مودی دوروزہ امریکی دورے پر واشنگٹن پہنچے۔
- ☆ ایشیا کا سب سے بڑا مصنوعی ذہانت میلہ ممبئی ٹیک ویک 2025 کے انعقاد کا وزیراعلیٰ کا اعلان۔
- ☆ چھاتی کے کینسر کے علاج سے متعلق ٹاٹا میموریل سینٹر نے کی جینیاتی وجوہات کی تحقیق۔
- ☆ تیسرے ایک روزہ کرکٹ میچ میں بھارت کی انگلینڈ کے خلاف شاندار فتح۔
- اور۔۔۔☆ قومی کھیلوں میں 50 طلائی تمغوں کے ساتھ مہاراشٹر دوسرے مقام پر۔

***** ***** *****